First Semester Examination : OCTOBER - 2019
Social Science (History & Political Science)

Time : 2 Hours | **Std. IX** | **Max. Marks : 40**

1. (الف) : دیے ہوئے متبادلات میں سے مناسب متبادل چن کر بیانات مکمل کیجیے۔ (03)

(i) ۱۹ر جولائی ۱۹۲۹ء کو ملک .... اہم بینکوں کو قومیالیا گیا۔

(الف) ۱۴ (ب) ۱۲ (ج) ۱۸ (د) ۱۶

(2) .... کو 'طلوع ہوتے ہوئے سورج کی سرزمین' کے نام سے پکارا جانے لگا۔

(الف) تری پورہ (ب) میزورم (ج) اروناچل پردیش (د) ناگالینڈ

(3) بھارت کا قومی آرکائیو .... میں ہے۔

(الف) پونہ (ب) نئی دہلی (ج) کولکاتا (د) حیدرآباد

(ب) : مندرجہ ذیل ہر گروہ کی غلط جوڑی پہچان کر لکھیے۔ (03)

(1)	(i)	سنت ہرن چرن سنگھ لونگووال	-	نکسل وادی
	(ii)	لال ڈینگا	-	میزو نیشنل فرنٹ
	(iii)	انگامی جھاپو فیزو	-	ناگا نیشنل کونسل
	(iv)	پرفل کمار مہنتو	-	آسام گن پریشد

(2)	(i)	جال کوپر	-	ڈاک ٹکٹوں کے محقق
	(ii)	کسما گرج	-	شاعر
	(iii)	انا بھاؤ ساٹھے	-	لوک شاہیر
	(iv)	امر شیخ	-	تصویروں کا ذخیرہ کار

(3)	(i)	وکاس جی	-	فولاد کا کارخانہ
	(ii)	ڈاکٹر دتّا سامنت	-	مل مزدوروں کی قیادت
	(iii)	این۔ ایم۔ لوکھنڈے	-	مل مزدوروں کو چھٹی
	(iv)	نارآئن سروے	-	نظموں کے ذریعے محنت کشوں کی زندگی کی ترجمانی

Scanned by CamScanner

2. (الف) : درج ذیل تصوراتی خاکہ کو مکمل کیجیے: (کوئی دو) (04)

(1) کوٹھاری کمیشن کے مطابق تعلیم کے مقاصد

(2) موجودہ دور میں تاریخ کے ماخذ

(3) ۱۹۹۱ء سے ۲۰۰۰ء کی دہائی میں ہونے والے بھارت کے وزیر اعظم

(ب) : مختصر نوٹ لکھیے: (کوئی دو) (04)

(1) بیس نکاتی پروگرام (2) سفید انقلاب (3) فرقہ پرستی

3. : درج ذیل بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجیے: (کوئی دو) (04)

(1) آزاد بھارت نے مشترک معیشت اختیار کی۔ (2) 'آپریشن بلو اسٹار' انجام دینا پڑا۔

(3) NCERT کا قیام عمل میں آیا۔ (4) بھارت میں منصوبہ بندی کمیشن قائم کیا گیا۔

4. : درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (04)

۱۹۷۷ء میں بھارت سرکار نے 'جال کوپر' ڈاک ٹکٹ جاری کیا تھا۔ جال کوپر ڈاک ٹکٹوں کے موضوع پر عالمی سطح کے محقق تھے ممبئی کے پارسی خاندان میں پیدا ہونے والے جال کوپر نے 'انڈیا اسٹیمپ جرنل' کی ادارت انجام دی تھی۔ وہ بھارت کے اولین ڈاک ٹکٹ بیورو (First Philatelic Bureau) کے بانی تھے اور 'ایمپائر آف انڈیا فلائیلک سوسائٹی' قائم کی تھی۔ نیز اس موضوع پر کتابیں بھی تحریر کیں۔ انھوں نے اپنے اس شوق کو سائنسی شکل دی۔ بھارتی ڈاک ٹکٹوں کے مطالعے کو عالمی سطح پر لے جانے میں ان کا کام ناقابل فراموش ہے۔ 'ڈاک ٹکٹوں کے ذخیرہ کار' کے طور پر اپنی کارکردگی کا آغاز کرکے عالمی سطح تک پہنچنے میں جال کوپر کی خدمات کو سمجھنے میں ان پر جاری کیا گیا ڈاک ٹکٹ اہم ماخذ ہے۔

Scanned by CamScanner

(1) جال کوپر نے کس شعبے میں زبردست خدمات انجام دیں؟

(2) جال کوپر کی خدمات کا بھارت سرکار نے کس طرح اعزاز کیا؟

(3) جال کوپر نے کون کون سے کام کیے؟

.5 : درج ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھیے: (کوئی دو) **(6)**

(1) علاقائیت کے کون سے برے اثرات ہوتے ہیں؟

(2) زراعت کے فروغ میں زرعی اسکولوں اور کالجوں کا کردار واضح کیجیے۔

(3) بھارت کی معاشی منصوبہ بندی کے مقاصد بیان کیجیے۔

(4) اندرا گاندھی کے دور حکومت میں ملک میں کون سے اہم واقعات رونما ہوئے؟

.6 : **ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو مکمل کیجیے۔** (02)

(1) .... دنیا کے تمام ممالک کا سب سے اہم مقصد بن گیا ہے۔

(الف) جوہری ترقی (ب) جوہری جانچ (ج) معاشی ترقی (د) دفاعی نظام

(2) طلبہ میں نظم وضبط اور فوجی تعلیم کے تئیں دلچسپی پیدا کرنے کے لیے .... قائم کی گئی۔

(الف) BSF (ب) CRPF (ج) NCC (د) RAF

.7 : **درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط وجوہات کے ساتھ لکھیے: (کوئی دو)** (04)

(1) بھارت اور پاکستان کے درمیان کوئی تنازعہ نہیں ہے۔ غلط

(2) سرد جنگ کی وجہ سے دنیا کی یک قطبی تقسیم ہوئی۔

(3) اٹل بہاری وجپائی نے پاکستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری کے لیے پہل کی۔ غلط

.8 (الف) : **اصطلاحات کی وضاحت کیجیے: (کوئی ایک)** (02)

(1) عالم کاری

(2) قومی مفاد

Scanned by CamScanner

(ب) : مندرجہ ذیل تصوراتی خاکے مکمل کیجیے: (کوئی ایک) (02)

(1)



(2)



.9 : مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: (کوئی ایک) (02)

(1) بارڈر سیکوریٹی فورس کی ذمہ داریاں تحریر کیجیے۔

(2) سرد جنگ کے خاتمے کی وجوہات بیان کیجیے۔

Scanned by CamScanner